مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

# اوورسیز پاکستانی فاونڈیشن (او پی ایف) کی طرف سے پیش کردہ خدمات

اوورسیز پاکستانی فاونڈیشن (او پی ایف) حکومتِ پاکستان کا قائم کردہ ادارہ ہے جو بیرون ملک پاکستانیوں اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے لئے کام کرتا ہے۔

وہ پاکستانی جو بیرون ملک کام کرنے کے غرض سے جاتے ہیں وہ پروٹیکٹر دفتر میں اپنی رجسٹریشن کے دوران او پی ایف کے ساتھ ۵ سال کے لئے ۲۰۰۰ پاکستانی روپے ادا کر کے رجسٹر ہو جاتے ہیں، جس کے فوائد پاکستان واپس آنے کے ۳ سَال بعد تک بھی حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ اگر ۳ سال بعد تک بھی ورکر دوبارہ بیرون ملک ملازمت کے لئے جانا چاہے تو اسے رجسٹریشن فیس ادا کرنے کے لیے اپنی ممبرشپ کی تجدید کروانا ہو گی اور وہ اوورسیز پاکستانی جو بیرون ملک مقیم ہیں لیکن او پی ایف کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہیں ۲۰۰۰ پاکستانی روپے ادا کر کے او پی ایف کے ممبر بن سکتے ہیں۔

## رجسٹریشن کے ذریعے تارکین وطن درج ذیل خدمات اور فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

**مالی معاونت:** وفات کی صورت میں ورثاء کو چار لاکھ پاکستانی روپے جبکہ زیادہ زخمی ہونے یا معذور ہونے کی صورت میں ورکر کو تین لاکھ پاکستانی روپے ادا کئے جاتے ہیں۔

**طبّی سہولیات:** او پی ایف کی جانب سے آنکھوں کے ہسپتال (eye hospital) میرپور آزاد کشمیر اور ڈیرہ غازی خان میں قائم ہیں۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی اور ان کے زیرِ کفالت افراد کو عام لوگوں کے مقابلے میں رعایتی شرح پر طبّی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔

**ایمبولینس کی فراہمی:** بیرون ملک وفات کی صورت میں تارکین وطن کی میت کو کے ذریعے مفت وطن واپسی اور میت کو اس کے گھر پہنچانے کے لیے ایمبولینس سروس فراہم کی جاتی ہے (یاد رہے کہ اس کے لیے بروقت اطلاع کرنا ضروری ہے) اس سہولت سے پاکستان میں مقیم اوور سیز پاکستانیوں کے اہل خانہ بھی فائدہ حاصل کر سکتے۔

ماٸیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

**تعلیم:** او پی ایف کے سکولوں میں بیرون ملک مقیم پاکستانی ملازمین کے بچوں کے لیے تعلیم کی سہولت اور ٹیوشن فیس میں ۵۰٪ تک کی رعایت۔

**سرمایہ کاری کے لیے ہدایت:** پاکستان میں کسی بھی صنعت یا کاروبار میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے رہنمائی۔

**ہوائی اڈے پر رہنمائی کاونٹر:** بیرون ملک روانگی اور وطن واپسی پر پاکستانی ایرپورٹ پر موجود خصوصی کاونٹر/ او پی ایف کے عملے کی طرف سے رہنمائی اور ضروری معلومات کی فراہمی۔

**رہائشی سکیمیں:** او پی ایف کی طرف سے سمندر پار پاکستانیوں کے لئے پاکستان میں رہائشی سکیمیں۔

**شکایت سیل:** بیرون ملک مقیم پاکستانی ملازمین اور ان کی فیملی کے مسائل کے حل کے لیے او پی ایف کے دفتر میں موجود کمپلینٹ سیل (+9251111040404) سے رابطہ کیا جاسکتا ہے یا شکایات او پی ایف کی ویب سائٹ www.opf.org.pk پر یا آن لائن ای میل کے ذریعے complaints@opf.org.pk بھی درج کروائی جا سکتی ہے۔

## اوورسیز پاکستانی فاونڈیشن کی فراہم کردہ مالی معاونت (امداد) کا حصول

بیرون ملک کام کرنے والے کسی بھی پاکستانی کے انتقال یا معذوری کی صورت میں اس شخص کے اہل خانہ یا وہ خود او پی ایف سے مالی مدد کی درخواست کر سکتے ہیں او پی ایف درخواست دہندگان یا ان کے لواحقین کو تین سے چار لاکھ روپے تک کی مالی مدد فراہم کرتا ہے اس رقم کے حصول کے لیے متوفی یا معذور کا اوورسیز پاکستانی فاونڈیشن کے ساتھ ریجسٹر ہونا لازمی ہے۔

- درخواست فارم تصدیق شدہ تصویر کے ساتھ

او پی ایف کا ممبر شپ کارڈ / ویلفیئر فنڈ کی رسید جو پروٹیکٹر رجسٹریشن کے وقت فیس ادا کی جاتی ہے / پاسپورٹ کا صفحہ جہاں پر پروٹیکٹر آف امیگرنٹ کی مہر لگی ہو / اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ انشورنس سرٹیفکیٹ جس پر پروٹیکٹر آف امیگرنٹس کا نمبر موجود ہو۔

اصل پاسپورٹ اور اس کی فوٹوکاپی۔

درخواست دہندگان کے شناختی کارڈ۔

درخواست گزار/خاندان کی ماہانہ آمدنی کے لیے اسٹامپ پیپر پر حلف نامہ جس پر دو گواہوں کے دستخط ہوں اور نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ ہو۔

درخواست دہندگان کے نا بالغ افراد کے ب - فارم کی فوٹو کاپیاں جبکہ بالغ افراد کی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپیاں۔

اگر مالی معاونت متوفی کی بیوہ کو مل رہی تو اس صورت میں بیوہ کی طرف سے حلف نامہ جو نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ ہو اور اس پر دو گواہوں کے دستخط موجود ہوں۔

دستاویزات کی تصدیق تمام دستاویزات گزیٹڈ آفیسر / سیکرٹری یونین کونسل / نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ ہونے چاہئیں۔ حلف نامہ اوتھ کمشنر / نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ ہونا چاہیے۔ درخواست دہندہ یہ تمام دستاویزات اور تجویز کردہ فارم او پی ایف کے ہیڈ آفس اسلام آباد یا پھر قریبی صوبائی ریجنل آفس میں جمع کروا سکتے ہیں۔

## اہم معلومات

یہ بھی جان لیں کہ اگر کوئی پاکستانی بیرون ملک ملازمت کے سلسلے میں پروٹیکٹریٹ آف امیگریشن سے تحفظ حاصل کرتا ہے اور بیرون ملک ملازمت کے لئے ویلفیئر فنڈ بھی جمع کرواتا ہے لیکن بیرون ملک روانگی سے قبل پاکستان میں انتقال کر جاتا ہے تو ان کے خاندان یا زیر کفالت افراد بھی مالی امداد کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔

بیرون ملک وفات یا معذور ہونے کی صورت میں حادثے کی تاریخ سے تین سال کی مدت تک مالی معاونت حاصل کی جا سکتی ہے.پاکستان کے اندر انتقال یا معذوری کی صورت میں تین سال کی مدت پاکستان واپسی کی تاریخ سے شروع ہو گی۔

مزید معلومات بی -ای -او -ای کی ویب سائٹ **www.beoe.gov.pk** یا مائیگرنٹ ریسورس سنٹر کی ویب سائٹ **www.mrc.org.pk** سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

معلومات کی مفت اورفوری فراہمی کے لئے، ایم آر سی کاؤنسلر سے ہاٹ لائن **0304-1112123** یا ای میل **info@mrc.org.pk** پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

کسی بھی مدد کی صورت میں مائیگرنٹ ریسورس سنٹر، پاکستان سے رابطہ کریں

**ہاٹ لائن : 0304-111-2-123**

**واٹس ایپ : 300 00116671 ,306 0191919 (+92)**

ویب سائٹ : www.mrc.org.pk

ٹویٹر : www.twitter.com/mrc_pak

فیس بک : https://www.facebook.com/PAKMRC/

ای میل : info@mrc.org.pk


**مائیگرنٹ ریسورس سینٹر اسلام آباد**

میزانائین فلور، شہید ملت سیکرٹریٹ، بلیو ایریا، اسلام آباد۔

فون : 9219617 051 92+

اسکائپ : mrcislamabad

**مائیگرنٹ ریسورس سینٹر لاہور**

انڈسٹری ریلیشن انسٹی ٹیوٹ، ملحقہ ریسکیو 1122، چاندنی چوک، ٹاؤن شپ، لاہور

فون : 4299262132 92+

اسکائپ : mrc.lahore



یہ معلوماتی مواد مائیگرنٹ ریسورس سینٹر پاکستان نے مرتب کیا ہے۔
یورپی کمیشن اس میں موجود معلومات کے استعمال کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے۔



Funded by the European Union's Asylum, Migration and Integration Fund

Implemented by

ICMPD International Centre for Migration Policy Development

Co-Funded and implemented by Austria and Bulgaria

Federal Ministry Republic of Austria Interior